سوال

(149) میں ایک تنخواہ دار ملازم ہوں اور میں نے سنا کہ ایک تاجر.....

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ
میں ایک ملازم ہوں اور تقریبا تین ہزار ریال ماہانہ تنخواہ لیتا ہوں، ایک دفعہ میں نے سنا کہ کسی موقعہ کی مناسبت سے ایک تاجر صدقہ کا مال تقسیم کررہا ہے تو میں بھی اس کے پاس چلاگیا اور اس نے مجھے بھی مال دے دیا تو کیا میرے لئے یہ مال حلال ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

م السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر آپ کی تنخواہ سے آپ کی اور آپ کے اہل وعیال کی بنیادی ضرورتیں ۔ ۔ ۔ اسراف اور فضول خرچی کے بغیر ۔ ۔ ۔ پوری نہ ہوتی ہوں تو آپ کے لئے زکوۃ حلال ہے ورنہ نہیں ۔ ۔ ۔ ۔ اللہ تعالی ہمیں اور آپ کو دین میں فقاہت عطا فرمائے اور آپ کو اپنے فضل وکرم سے غنی کردے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مقالات وفتاویٰ

ص266

محدث فتویٰ